April 14 , 2018

Daily JEHAN PAKISTAN

جہان پاکستان

# میڈلسٹ ویٹ لفٹنگ ٹیم وطن پہنچ گئی، شاندار استقبال

## صوبائی وزیر کھیل جہانگیر خانزادہ کی کانسی کا تمغہ جیتنے پر ریسلر بلال بٹ کو مبارکباد

لاہور (سپورٹس رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز کی میڈلسٹ قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم وطن واپس پہنچ گئی، علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور پر کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کیا گیا۔ کامن ویلتھ گیمز میں 2 برانز میڈل حاصل کرنے والی پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم کا علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور پر فیڈریشن کے عہدیداروں اور شائقین کی کثیر تعداد نے کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کیا۔ کامن ویلتھ گیمز میں قومی ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے 62 کلوگرام اور محمد نوح دستگیر بٹ نے 105 کلوگرام کیٹگریز کے مقابلوں میں کانسی کے تمغے حاصل کئے تھے۔ سات رکنی قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم کے دستہ میں عبدالغفور (56 کلوگرام)، طلحہ طالب (62 کلوگرام)، ابوسفیان (69 کلوگرام) اور محمد نوح دستگیر بٹ (105 کلوگرام) کے مقابلوں میں شریک ہوئے، ان کے علاوہ کوچز علی اسلم چوہدری اور محمد الیاس بٹ بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر کھیل جہانگیر خانزادہ نے کامن ویلتھ گیمز میں کانسی کا تمغہ جیتنے پر نوجوان ریسلر بلال بٹ کو مبارکباد دی ہے۔



روزنامہ پاکستان
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمان شامی

# آسٹریلیا میں پاکستانی ہائی کمشنر کا گیمز ولیج کا دورہ، کھلاڑیوں سے ملاقات

## کامن ویلتھ گیمز پاکستانی کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کے اظہار کا بہترین فورم ہے، نائلہ چوہان

گولڈ کوسٹ ( سپورٹس رپورٹر ) آسٹریلیا میں پاکستان کی ہائی کمشنر نائلہ چوہان نے کہا ہے کہ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات ہیں اوریہاں پاکستانیوں کو نہایت عزت اورقدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے کھیلوں کے ذریعے دونوں ممالک کی عوام کو مزید قریب لایا جاسکتا ہے ۔ کامن ویلتھ گیمز پاکستانی کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کے اظہار کا بہترین فورم ہے ۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کامن ویلتھ گیمز ویلج کے دورے کے موقع پر پاکستانی دستے کے آفیشلز اور کھلاڑیوں سے ملاقات کے موقع پر کیا ۔ پاکستان اولمپک ایسو سی ایشن کے صدر سید عارف حسن، پی او اے کے سیکریٹری جنرل محمد خالد محمود، چیف ڈی مشن مزمل حسین، ڈپٹی سی ڈی ایم محمد شفیق و دیگر آفیشلز بھی اس موقع پر موجود تھے ۔ پاکستانی ہائی کمشنر نائلہ چوہان جوکہ خصوصی طور پر آسٹریلوی دارلحکومت کینبرا سے پاکستانی کھلاڑیوں سے ملنے آئیں ۔ ان کا کہنا تھاکہ میری خواہش ہے کہ سیالکوٹ چیمبرز آف کامرس کے ممبران یہاں کا دورہ کریں آسٹریلیا کھیلوں کے سامان کے حوالے سے ان کیلئے بہترین مارکیٹ ثابت ہوگی ۔



گولڈ کوسٹ: پاکستانی ہائی کمشنر نائلہ چوہان کے ساتھ صدر پی او اے عارف حسن ودیگر کا گروپ فوٹو

معیار - اعتبار
92 نیوز
روزنامہ
ہر سطر پُر اثر

# پاکستان کی ویٹ لفٹنگ ٹیم برانز میڈل جیتنے کے بعد لاہور پہنچ گئی

لاہور(نامہ نگار،سپورٹس رپورٹر) پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم کامن ویلتھ کھیلوں میں برانز میڈل اپنے نام کرنے کے بعد گزشتہ روز ٹیم قطر ائیر ویز کی پرواز 628 کے ذریعے علامہ اقبال انٹرنیشنل ائیرپورٹ پہنچی، ائرپورٹ پر پانچ رکنی ٹیم کا استقبال سیکرٹری جنرل پی ڈبلیو ایل ایف امجد امین بٹ، نائب صدر راشد ملک اور ٹیم کوچ محمد الیاس بٹ نے کیا،اور پھولوں کے ہار پہنائے،کھلاڑیوں میں نوح دستگیر، طلحہ طالب، عبداللہ غفور، ابوسفیان اور عثمان امجد راٹھور شامل ہیں۔



ABC CERTIFIED
Daily JEHAN PAKISTAN
جہان پاکستان

# آسٹریلیا میں ہائی کمشنر کی پاکستانی دستے سے ملاقات

## پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات ہیں: نائلہ چوہان کی گفتگو

کراچی (سپورٹس رپورٹر) آسٹریلیا میں متعین پاکستان کی ہائی کمشنر نائلہ چوہان نے کہا ہے کہ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان دیرینہ اوردوستانہ تعلقات ہیں اور یہاں پاکستانیوں کونہایت عزّت اورقدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے کھیلوں کے ذریعے دونوں ممالک کی عوام کو مزید قریب لایا جاسکتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گولڈ کوسٹ میں جاری 21 ویں کامن ویلتھ گیمز کے ایتھلیٹ ویلج کے دورے کے موقع پر گیمز میں شریک پاکستانی دستے کے آفیشلز اور کھلاڑیوں سے ملاقات کے موقع پرکیا پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر لیفٹننٹ جنرل (ر) سیّد عارف حسن، پی او اے کے سیکریٹری جنرل محمد خالد محمود، چیف ڈی مشن لیفٹننٹ جنرل (ر) مزّمل حسین، ڈپٹی سی ڈی ایم محمد شفیق ودیگر آفیشلز بھی اس موقع پر موجود تھے پاکستانی ہائی کمشنر نائلہ چوہان جوکہ خصوصی طور پر آسٹریلوی دارلحکومت کینبرا سے پاکستانی کھلاڑیوں سے ملنے آئیں تھی کا کہنا تھا کہ آسٹریلیا میں ایک لاکھ سے زائد پاکستانی موجود ہیں جن مین زیادہ تعداد تعلیم یافتہ افراد کی ہے جس میں ڈاکٹرز، پروفیسرز، انجینیئر وغیرہ شامل ہیں اور یہاں بہت سی ہماری کمیونٹی ایسوسی ایشنز بھی کام کررہی ہیں میلبورن میں نیا قونصل آفس قائم کردیا گیا ہے جس سے ہمارے لوگوں کومزید سہولیات حاصل ہوں گی۔



گولڈکوسٹ: آسٹریلیامیں متعین پاکستانی ہائی کمشنر نائلہ چوہان کا ملکی ایتھلیٹس کے ہمراہ گروپ فوٹو

روزنامہ ایکسپریس

# لاہور: کامن ویلتھ گیمز کی میڈلسٹ قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم وطن واپس پہنچ گئی، علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور پر کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کیا گیا۔

لاہور (اسپورٹس رپورٹر) کامن ویلتھ گیمز میں 2 برانز میڈل حاصل کرنے والی پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم لاہور پہنچ گئی۔ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور پر فیڈریشن کے عہدیداروں اور شائقین کی کثیر تعداد نے کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کیا، کامن ویلتھ گیمز میں قومی ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے 62 کلوگرام اور محمد نوح دستگیر بٹ نے 105 کلوگرام کے مقابلوں میں کانسی کے تمغے حاصل کیے تھے، 7 رکنی قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم کے دستے میں عبدالغفور (56 کلوگرام)، طلحہ طالب (62 کلوگرام)، ابوسفیان (69 کلوگرام) اور محمد نوح دستگیر بٹ (105 کلوگرام) کے مقابلوں میں شریک ہوئے، ان کے علاوہ کوچز علی اسلم چوہدری اور محمد الیاس بٹ بھی ہمراہ تھے۔










روزنامہ ایکسپریس

## کامن ویلتھ گیمز: پاکستانی ہائی کمشنر کی ایتھلیٹس ویلج آمد

### ملکی کھلاڑیوں سے ملاقات، گیمز صلاحیتوں کے اظہار کا بہترین موقع ہیں، نائلہ

گولڈ کوسٹ (اسپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا میں متعین پاکستان کی ہائی کمشنر نائلہ چوہان نے کہا ہے کہ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات ہیں اور یہاں پاکستانیوں کو نہایت عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، کھیلوں کے ذریعے دونوں ممالک کے عوام کو مزید قریب لایا جاسکتا ہے، کامن ویلتھ گیمز پاکستانی کھلاڑیوں کو یہاں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا بہترین فورم ہے، ان خیالات کا اظہار انھوں نے گولڈ کوسٹ میں جاری 21 ویں کامن ویلتھ گیمز کے ایتھلیٹ ویلج میں پاکستانی آفیشلز اور کھلاڑیوں سے ملاقات کے موقع پر کیا، پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) سیّد عارف حسن، پی او اے کے سیکریٹری جنرل محمد خالد محمود، چیف ڈی مشن لیفٹیننٹ جنرل (ر) مزمل حسین، ڈپٹی سی ڈی ایم محمد شفیق و دیگر آفیشلز بھی اس موقع پر موجود تھے، پاکستانی ہائی کمشنر نائلہ چوہان جو کہ خصوصی طور پر آسٹریلوی دارالحکومت کینبرا سے پاکستانی کھلاڑیوں سے ملنے آئی تھی، ان کا کہنا تھا کہ آسٹریلیا میں ایک لاکھ سے زائد پاکستانی موجود ہیں جن مین زیادہ تعداد تعلیم یافتہ افراد کی ہے جس میں ڈاکٹرز، پروفیسرز اور انجینئرز وغیرہ شامل ہیں، یہاں بہت سی ہماری کمیونٹی ایسوسی ایشنز بھی کام کر رہی ہیں، میلبورن میں نیا قونصل آفس قائم کر دیا گیا ہے جس سے ہمارے لوگوں کو مزید سہولیات حاصل ہوں گی، نائلہ چوہان کا مزید کہنا تھا کہ انھوں نے آسٹریلوی وزیر خارجہ سے بات کی ہے کہ دونوں ممالک کے مابین اسپورٹس ڈپلومیسی پر بھی کام ہونا چاہیے، پاکستان کا شمار کھیلوں کے بہترین سامان تیار کرنے والے ملکوں میں ہوتا ہے میری خواہش ہے کہ سیالکوٹ چیمبرز آف کامرس کے ممبران یہاں کا دورہ کریں، آسٹریلیا کھیلوں کے سامان کے حوالے سے ان کیلیے بہترین مارکیٹ ثابت ہوگا، اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے پی او اے کے صدر لیفٹیننٹ جنرل (ر) سیّد عارف حسن نے پاکستانی ہائی کمشنر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن ملک میں کھیلوں کے فروغ اور ترقی کیلیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے ہماری بھرپور کوشش ہے کہ کھلاڑیوں کو زیادہ سے زیادہ انٹرنیشنل ایونٹس میں شرکت کے مواقع فراہم کیے جائیں، اس موقع پر ویلج میں موجود کھلاڑیوں سے ہائی کمشنر نے ملاقات کرتے ہوئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
روزنامہ اوصاف

# پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم دولت مشترکہ گیمز کے بعد لاہور پہنچ گئی

لاہور(نیوز رپورٹر)پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم دولت مشترکہ گیمز میں دو کانسی کے تمغے جیتنے کے بعد لاہور پہنچ گئی ۔عہدیداروں نے ٹیم کا استقبال کیا۔تفصیلات کے مطابق پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم دولت مشترکہ کھیلوں میں کانسی کا تمغہ اپنے نام کر سکی ،گزشتہ روز ٹیم قطر ائیرویز کی پرواز 628 کے ذریعے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچی ،ایئرپورٹ پر پانچ رکنی ٹیم کا استقبال سیکرٹری جنرل پی ڈبلیو ایل ایف امجد امین بٹ ،نائب صدر راشد ملک اور ٹیم کوچ محمد الیاس بٹ نے کیا،اور پھولوں کے ہار پہنائے ،کھلاڑیوں میں نوح دستگیر ،طلحہ طالب ،عبداللہ غفور،ابوسفیان اور عثمان امجد راٹھور شامل ہیں،جبکہ دولت مشترکہ گیمز میں بطور پاکستانی ایمبیسیڈر جانے والے طلبہ لائبہ اور جزلان بھی لاہور پہنچ گئے ، دونوں بچے نجی سکول کی جانب سے گولڈ کوسٹ گئے تھے ۔



روزنامہ پاکستان
چیف ایڈیٹر: مجیب الرحمان شامی

# قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم کا شاندار استقبال

14 اپریل 2018

لاہور( سپورٹس ڈیسک ) کامن ویلتھ گیمز کی میڈلسٹ قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم وطن واپس پہنچ گئی، علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کیا گیا۔ ٹیم کا فیڈریشن عہدیداروں اور شائقین نے استقبال کیا۔ ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے 62 کلو اور محمد نوح دستگیر بٹ نے 105 کلو میں کانسی کے تمغے حاصل کئے تھے۔

## نئی بات

Daily Nai Baat

# ویٹ لفٹنگ کھلاڑیوں کا وطن واپسی پر شاندار استقبال

لاہور (سپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز کی میڈلسٹ قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم وطن واپس پہنچ گئی، علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور پر کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کیا گیا۔ کامن ویلتھ گیمز میں 2 برانز میڈل حاصل کرنے والی پاکستان ویٹ لفٹنگ ٹیم کا علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور پر فیڈریشن کے عہدیداروں اور شائقین کی کثیر تعداد نے کھلاڑیوں کا شاندار استقبال کیا۔



کامن ویلتھ گیمز کے ویٹ لفٹنگ مقابلوں میں پاکستان کیلئے برونز میڈل جیتنے والے کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

## نوائے وقت

# قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم وطن واپس پہنچ گئی

اپریل 14 2018

لاہور (نمائندہ سپورٹس) کامن ویلتھ گیمز کی میڈلسٹ قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم وطن واپس پہنچ گئی۔ فیڈریشن کے عہدیداروں اور شائقین کی کثیر تعداد نے شاندار استقبال کیا۔ قومی ویٹ لفٹر طلحہ طالب نے 62 کلوگرام اور محمد نوح دستگیر بٹ نے 105 کلوگرام کیٹگریز میں کانسی کے تمغے حاصل کئے تھے۔ سات رکنی قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم کے دستہ میں عبدالغفور (56 کلوگرام)، طلحہ طالب (62 کلوگرام)، ابوسفیان (69 کلوگرام) اور محمد نوح دستگیر بٹ (105 کلوگرام) کے مقابلوں میں شریک ہوئے۔ ان کے علاوہ کوچز علی اسلم چوہدری اور محمد الیاس بٹ بھی ہمراہ تھے۔

روزنامہ دنیا

## 2 کانسی کے تمغے جیت کر قومی ویٹ لفٹنگ ٹیم کی وطن واپسی

### لاہور ائیر پورٹ شائقین، ایسوسی ایشن عہدیداروں نے استقبال کیا، ہار پہنائے

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان کی ویٹ لفٹنگ ٹیم کامن ویلتھ گیمز میں 2 کانسی کے تمغے جیت کر وطن واپس پہنچ گئی، لاہور ایئرپورٹ پر شائقین اور ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے ٹیم کا استقبال کیا۔ نوح دستگیر، طلحہ طالب ،عبداللہ غفور، ابوسفیان اور عثمان امجد پر مشتمل 5 رکنی قومی ٹیم غیر ملکی پرواز کے ذریعے لاہور پہنچی، انہیں پھولوں کے ہار پہنائے گئے۔ کامن ویلتھ گیمز میں بطور پاکستانی ایمبیسیڈر گئے طلبہ لائبہ اور جزلان بھی لاہور پہنچ گئے۔


Daily JEHAN PAKISTAN

روزنامہ جہان پاکستان

## ناقابل شکست ہاکی ٹیم کی کینیڈا کیخلاف پہلی فتح، ساتویں پوزیشن

### پاکستان نے 1-3 سے شکست دیکر واحد کامیابی سمیٹی، مبشر، ارسلان قادر اور عرفان جونیئر نے ایک ایک گول سکور کیا

کراچی، لاہور (اسپورٹس رپورٹر) پاکستان ہاکی ٹیم کامن ویلتھ گیمز میں ناقابل شکست رہنے کے باوجود ساتویں پوزیشن حاصل کرسکی۔ قومی ٹیم نے صرف ایک میچ میں کامیابی سمیٹی جب اس نے جمعہ کو ساتویں پوزیشن کے میچ میں کینیڈا کو شکست دے دی۔ آسٹریلیا کے شہر گولڈ کوسٹ میں جاری کامن ویلتھ گیمز کے ہاکی ایونٹ میں ساتویں پوزیشن کیلئے کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے کینیڈا کو 3-1 سے شکست دے کر واحد کامیابی سمیٹی۔ میچ کا پہلا گول کینیڈا کیجانب سے کیا گیا جبکہ کینیڈا کی برتری وقفہ تک برقرار رہی، پاکستان نے آخری دونوں کوارٹرز میں عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے تین گول داغے۔ پاکستان کی جانب سے پہلا گول پینالٹی کارنر پر مبشر نے اسکور کر کے مقابلہ ایک ایک سے برابر کیا۔ قومی ٹیم کی جانب سے دوسرا گول ارسلان قادر جبکہ تیسرا گول عرفان جونیئر نے کیا۔ پاکستان نے کامن ویلتھ گیمز میں ہاکی میں کھیلے گئے 5 میچز میں سے 4 برابر کھیلے جبکہ ایک میں فتح حاصل کی۔ پاکستان نے پانچ میچوں میں 9 گول اسکور کئے جبکہ سات گول اس کے خلاف ہوئے۔ اس سے قبل ویلز، بھارت، انگلینڈ اور ملائیشیا کے خلاف تمام میچز برابری کی سطح پر ختم ہوئے تھے۔



اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
روزنامہ اوصاف

دولت مشترکہ گیمز

# جیولن تھرو میں گولڈ میڈل کیلئے پاکستان کو ایک فتح درکار

گولڈ کوسٹ ( سپورٹس ڈیسک ) دولت مشترکہ گیمز میں پاکستان کے جیولن تھرو کے کھلاڑی ارشد ندیم نے کوالیفائنگ راؤنڈ میں 80.47 کا تھرو پھینک کر نہ صرف فائنل راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا بلکہ نیا ریکارڈ بھی قائم کیا ہے۔ ارشد ندیم نے گزشتہ روز کھیلے جانے والے دو کوالیفائنگ راؤنڈز میں مجموعی طور پر دوسرا سب سے زیادہ لمبا تھرو پھینکا۔ کوالیفاینگ راؤنڈ میں صرف آسٹریلیا کے ہامش پیکاک ان سے زیادہ تھرو کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں جنہوں نے 81.2 میٹر تھرو پھینکا۔ کوالیفائنگ راؤنڈ میں بھارت کے وپین کاشانا تیسرے نمبر پر رہے جنہوں نے 78.88 کا تھرو پھینکا۔ پاکستانی کھلاڑی ارشد ندیم آج پاکستانی وقت کے مطابق صبح ساڑھے نو بجے فائنل مقابلے کے لئے میدان میں اُتریں گے ان کا مقابلہ گولڈ میڈل کیلئے آسٹریلین حریف ہامش پیکاک کے ساتھ ہوگا، ارشد ندیم کا کوالیفائنگ راؤنڈ میں کامیابی کے بعد کہنا تھا کہ وہ فائنل مقابلے کے لئے تیار ہیں اب ان کی نظر گولڈ میڈل پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ آج اپنا پورا زور لگادیں گے۔ انہوں نے قوم سے بھی انکے لئے دعا کی اپیل کی ہے۔

روزنامہ خبریں
Daily KHABRAIN

## اعصام کو مراکو اوپن ٹینس

### مینز ڈبلز کوارٹر فائنل میں شکست



رباط (اے پی پی) پاکستانی کھلاڑی اعصام الحق قریشی کو مراکو اوپن ٹینس ٹورنامنٹ مینز ڈبلز کوارٹر فائنل میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ پولینڈ کے مارسن میٹکوسکی اور ان کے اسپینش جوڑی دار ڈیوڈ مریرو نے اعصام الحق اور ان کے جوڑی دار جیمز سراتانی کو ہرایا۔

## گولڈکوسٹ گیمز، محمد انعام آج

### ایکشن میں نظر آئیں گے



اسلام آباد (اے پی پی) کامن ویلتھ گیمز مینز ریسلنگ ایونٹ میں پاکستانی ریسلرز محمد انعام اور طیب رضا آج قسمت آزمائی کرینگے، انعام فری سٹائل 86 اور طیب رضا فری سٹائل 125 کلوگرام کیٹگری کے مقابلوں میں اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے۔

# کامن ویلتھ: پاکستانی کھلاڑی نے جیولن تھرو میں فائنل راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کرلیا

**ندیم ارشد کا بہترین کھیل**

**کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کے جیولن تھرو کے کھلاڑی ارشد ندیم نے کوالیفائنگ راونڈ میں 80.47 کا تھرو پھینک کرنہ صرف فائنل راونڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا بلکہ نیا ریکارڈ بھی قائم کرلیا**

**ارشد ندیم نے گزشتہ روز کھیلے جانے والے دو کوالیفائنگ راونڈز میں مجموعی طور پر دوسرا سب سے زیادہ لمبا تھرو پھینکا۔ کوالیفائینگ راونڈ میں ہامش پیکاک ان سے اگے ہیں**

آسٹریلیا (سپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کے جیولن تھرو کے کھلاڑی ارشد ندیم نے کوالیفائنگ راونڈ میں 80.47 کا تھرو پھینک کرنہ صرف فائنل راونڈ کے لئے کوالیفائی کرلیا بلکہ نیا ریکارڈ بھی قائم کیا ہے۔ ارشد ندیم نے گزشتہ روز کھیلے جانے والے دو کوالیفائنگ راونڈز میں مجموعی طور پر دوسرا سب سے زیادہ لمبا تھرو پھینکا۔ کوالیفائنگ راونڈ میں صرف آسٹریلیا کے ہامش پیکاک ان سے زیادہ تھرو کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں جنھوں نے 81.2 میٹر تھرو پھینکا۔ کوالیفائنگ راونڈ میں بھارت کے وپن کاشانا تیسرے نمبر پر رہے جنھوں نے 78.88 کا تھرو پھینکا۔ پاکستانی کھلاڑی ارشد ندیم (آج) ہفتہ کو پاکستانی وقت کے مطابق صبح ساڑھے نو بجے فائنل مقابلے کے لئے میدان میں اتریں گے ان کا مقابلہ گولڈ میڈل کے لئے آسٹریلین حریف ہامش پیکاک کے ساتھ ہوگا، ارشد ندیم کا کوالیفائنگ راونڈ میں کامیابی کے بعد کہنا تھا کہ وہ فائنل مقابلے کے لئے تیار ہیں اب ان کی نظر گولڈ میڈل پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ کل اپنا پورا زور لگا دیں گے۔ انہوں نے قوم سے بھی اگلے لئے دعا کی اپیل کی ہے۔ دوسری جانب کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان ہاکی ٹیم نے کینیڈا کو ایک کے مقابلے میں 3 گول سے شکست دیکر میگا ایونٹ میں ساتویں پوزیشن پر قبضہ جمالیا۔ پاکستان کی جانب سے ارسلان قادر، بشیر علی اور عرفان جونیئر نے گول سکور کئے۔ آسٹریلیا میں کھیلے گئے میچ میں کینیڈا نے پہلے منٹ میں جنجو کرک پیٹرک کے ذریعے ایک گول کی برتری حاصل کی جسے ارسلان قادر نے کھیل کے 34 ویں منٹ میں فیلڈ گول کے ذریعے برابر کردیا۔ 40 ویں منٹ میں پاکستان ٹیم نے پنالٹی کارنر پر گول کرکے برتری حاصل کرلی، یہ گول پنالٹی کارنر اسپیشلسٹ بشیر علی نے کیا۔ کھیل ختم ہونے سے صرف 3 منٹ قبل عرفان جونیئر نے تیسرا گول کرکے پاکستان ٹیم کی فتح پر مہر ثبت کی۔ واضح رہے کہ کامن ویلتھ گیمز میں یہ پاکستان ہاکی ٹیم کی پہلی فتح ہے، اس سے قبل ویلز، بھارت، انگلینڈ اور ملائیشیا کے خلاف تمام میچز برابری کی سطح پر ختم ہوئے تھے۔







آسٹریلیا۔۔۔۔۔۔۔پاکستان کیلئے گولڈ میڈل کی نوید لانے والے جیولن تھرو کے کھلاڑی ارشد ندیم ایکشن میں دوسری جانب ندیم کی پروفائل فوٹو۔۔۔۔۔۔۔۔۔''

روزنامہ انصاف لاہور
چیف ایڈیٹر: جنید سلیم

The Nation
14 April, 2018

# Pakistani weightlifters return home




LAHORE - Pakistani weightlifters returned home after winning bronze at the Commonwealth Games in Gold Coast, Australia.

Weightlifters Nooh Dastagir Butt and Talha Talib won bronze for Pakistan at this year games.

Twenty-year-old Nooh Dastagir Butt won the Bronze medal in +105kg weightlifting competition while Taha Talib won a Bronze in men's 62kg weightlifting competition.

After lifting 173kg in snatch, Nooh successfully lifted 222kg in his first attempt of clean and jerk to confirm his medal. In an attempt to turn it into gold, he attempted 228kg in 2nd and 231kg in the third attempt but couldn't do it successfully. His lifting of 395kg is also a junior commonwealth record. Talha also made a Commonwealth Games record in snatch category with 135kg lift.

The Nation

# Poor 7th place finish for Pakistan hockey in Commonwealth Games

Agencies April 14, 2018



GOLD COAST - Pakistan came from behind to defeat Canada 3-1 by taking 7th place in the positional match of the hockey competition of the XXI Gold Coast 2018 Commonwealth Games at Hockey Club ground on Friday.

Australia, looking for a sixth successive Commonwealth title, play New Zealand in the final. While England and India would play for bronze. South Africa got wooden spoon after 2-3 loss to Wales. Malaysia edged out Scotland 2-1 in 5th/6th playoff match to finish at no 5.

Canada went ahead in the first quarter through James Kirkpatrick goal in open play. The North Americans kept the lead intact till the end of the second quarter. Pakistan were the far better side in the second half.

Arslan Qadir equalised before Mubashar Ali, who ended Pakistan's top scorer in the competition with four goals, put his team ahead off a penalty corner. In the last quarter M Irfan Jr completed the tally with his third goal of the event. The result means Pakistan got 7th position and Canada finished at no 8.

The Kookaburras remain on track to claim an unprecedented sixth straight Commonwealth Games hockey gold medal after advancing to the final with a heart-stopping 2-1 win over England.

The Australian men's team, who have lost just one match in the history of the Games, will meet trans-Tasman rivals New Zealand in what will also be skipper Mark Knowles' emotional farewell.

The Kookaburras appeared set for a cruisy Friday night when Trent Mitton trapped and turned to blitz one through England goalkeeper George Pinner's legs inside the opening minute. However a third-quarter goal to Ian Sloan set up a thrilling final period, where Mitton nailed a penalty corner to send the Gold Coast Hockey Centre crowd into a frenzy.

Mitton admitted the side would need to watch their ill-discipline in the final. "They're a really good team and we had the momentum early, let it slip and we let them back in the game. Then we kept getting guys sent off. We made it really hard for ourselves," he said. "We certainly will have to watch our discipline. You can't win games of hockey very often with that many people sent off the field at international level."

The Indian hockey team failed to recover from a poor start, losing to New Zealand 2-3. India put up a disastrous defensive performance in the first quarter to concede two goals to Hugo Inglis (7th minute) and Stephen Jenness (13th). But Harmanpreet Singh converted a penalty stroke in the 29th minute. India trailed 1-2 at half-time. Markus Child regained New Zealand's two-goal lead in the 40th minute. India kept chasing and reduced the deficit to one in the 57th minute through a penalty corner but it proved to be too late to find an equaliser.

In Men Freestyle 65kg, Abdul Wahab beat Adam Vella Malta on points 12-2. He got more points in the first bout of 10 points and 2 points in the second round. But he lost to Canada’s Vincent De Marinis 0-10 in the quarter-final to end medal hopes.

In the Men’s 97kg freestyle Umair Ahmad of Pakistan lost to Jordan Steem of Canada on 11-0 in the semi-finals. Pakistan are still on 31st position with three bronze medals so far.

# کامن ویلتھ گیمز کا نواں دن: آسٹریلیا کے مجموعی تمغوں کی تعداد 168 تک جا پہنچی

## میزبان ملک کے کھلاڑی 65 طلائی، 49 چاندی اور 54 کانسی کے میڈلز جیت گئے، انگلینڈ اور بھارت کی پیش قدمی کا سلسلہ جاری

گولڈ کوسٹ (اسپورٹس ڈیسک) کامن ویلتھ گیمز کے نویں روز میزبان ملک آسٹریلیا نے اپنے تمغوں کی مجموعی تعداد 168 تک پہنچا دی جبکہ انگلینڈ اور بھارت بھی بدستور ٹاپ تھری میں شامل ہیں۔ گزشتہ روز بھی مختلف ممالک کے کھلاڑیوں کی بہترین کارکردگی دیکھنے میں آئی جب ایتھلیٹکس کے ویمنز پول والٹ فائنل میں کینیڈا کی الیشا نیومین نے گولڈ، نیوزی لینڈ کی الیزا میکارٹنی نے سلور اور آسٹریلیا کی نینا کینیڈی نے برانز میڈل جیتا، مینز تین ہزار اسٹیپل چیز مقابلوں کے فائنل میں کینیا کے کھلاڑیوں کا مکمل غلبہ رہا جب کونسیلس کیپروٹو طلائی، ابراہام کیبی ووٹ چاندی اور آموس کیروئی کانسی کا تمغہ جیت گئے۔ مینز ڈسکس تھرو فائنل میں جمیکا کے فیڈرک ڈیکریس نے گولڈ، ان کے ہم وطن ٹراوس اسمائیکل نے سلور اور قبرص کے اپوسٹولوس پیریلس نے برانز میڈل جیتا۔ ویمنز ہیپٹاتھلون آٹھ سو میٹرز ہیٹ ٹو فائنل میں انگلینڈ کی کیٹرینا جانسن تھامپسن نے گولڈ، کینیڈا کی نینا شلٹز نے سلور اور انگلینڈ کی نیام ایمرسن نے برانز میڈل پر قبضہ کیا۔ مینز ٹی 47 ہنڈریڈ میٹرز فائنل میں نائیجیریا کے گالا ڈیما سوویڈو نے طلائی، انگلینڈ کے جیمز آرناٹ نے چاندی اور جمیکا کے ٹیوان تھامس نے کانسی کا تمغہ جیت لیا۔ ویمنز کے شارٹ پٹ فائنل میں جمیکا کی ڈینئیل تھامس ڈوڈ، ویمنز آٹھ سو میٹرز فائنل میں جنوبی افریقہ کی کاسٹر سیمنیا، مینز دس ہزار میٹرز فائنل میں یوگنڈا کے جوشوا کیپروئی چیپٹیگی اور ویمنز سو میٹرز ہرڈلز فائنل میں اموسان الوواٹو بیلوبا نے طلائی تمغوں پر قبضہ جما لیا۔ ڈائیونگ کے مینز سنکرونائزڈ دس میٹرز پلیٹ فارم فائنل میں انگلینڈ نے گولڈ اور سلور جبکہ آسٹریلیا نے برانز میڈل جیتا، ویمنز ون میٹر اسپرنگ بورڈ فائنل میں اسکاٹ لینڈ کی ریڈ گریس نے گولڈ، آسٹریلیا کی جارجیا شیہان نے سلور اور ان کی ہم وطن کن کیستھر نے برانز میڈل اپنے گلے کی زینت بنایا۔ مینز سنکرونائزڈ تین میٹرز اسپرنگ بورڈ فائنل میں انگلینڈ نے گولڈ، کینیڈا نے سلور اور آسٹریلیا نے برانز میڈل پر قبضہ کیا۔ لان باؤلز میں ویمنز پیئرز گولڈ میڈل میچ میں ملائیشیا نے جنوبی افریقہ کو پندرہ، چودہ سے مات دی، اسکاٹ لینڈ نے برانز میڈل جیتا۔ مینز فورز گولڈ میڈل میچ میں اسکاٹ لینڈ نے آسٹریلیا کو پندرہ، تیرہ سے مات دی جبکہ آسٹریلیا نے برانز میڈل میچ میں ویلز کو پندرہ، نو سے شکست دی، مینز سنگلز گولڈ میڈل میچ میں آسٹریلیا کے آرون ولسن نے کینیڈا کے ریان بیسٹر کو اکیس، چودہ اور برانز میڈل میچ میں انگلینڈ کے رابرٹ پیکسٹن نے اسکاٹش حریف ڈیرن برنیٹ کو اکیس، چودہ سے زیر کر لیا۔ ردھمک جمناسٹکس کے ہوپ فائنل میں فتح کے بعد قبرص کے ایوریپیڈو ڈائیمنٹو بال فائنل میں بھی سونے کا تمغہ جیت لیا جبکہ کلبس فائنل میں کینیڈا کی سوفی کرین اور ربن فائنل کا گولڈ میڈل ملائیشین کوان ڈکٹ ویگ نے جیت لیا۔ شوٹنگ کے پچاس میٹرز رائفل تھری پوزیشنز فائنل میں بھارت کی ساونت تیجا سوینی، مینز پچیس میٹرز ریپڈ فائر پسٹل فائنلز میں بھارت کے انیش اور ویمن ٹریپ فائنل میں آسٹریلیا کی اسکیٹلین لیٹیشا نے طلائی تمغے جیتے۔ ٹیبل ٹینس کے ویمنز ڈبل گولڈ میڈل میچ میں سنگاپور کی ٹیانوی فینگ اور یومینگیو نے بھارت کی مانیکا بترا اور موماداس کو تین، صفر سے مات دے کر طلائی تمغہ جیتا جبکہ ملائیشیا کی ہو ینگ اور کیرن لائن نے بھارتی جوڑی سوتیرتھا مکھرجی اور پوجا ساہسرابودھے کو تین، ایک سے ہرا کر کانسی کے تمغے پر قبضہ جمایا۔ ریسلنگ کے مینز فری اسٹائل 65 کلوگرام میں ویلز کے کین چارگ، ویمنز فری اسٹائل 57 کلوگرام درجہ بندی میں نائیجیریا کی اڈیکورائے اوڈوناایو، ویمنز 68 کلوگرام درجہ بندی میں نائیجیریا کی اوبوروڈوڈو بلیسنگ اور مینز 97 کلوگرام درجہ بندی میں بھارت کے موسم کھتری نے گولڈ میڈلز جیتے۔